تیار اور فنڈ کردہ منجانب GSK

اپنی شنگلز ویکسینیشن کے لیے تیار ہو جائیں

اگر آپ کو کوئی مضر اثرات ہوتے ہیں، تو
ان کے بارے میں اپنے ڈاکٹر یا نرس کو مطلع کریں۔

GSK کی ویب سائٹ
سے مزید جانیں:

GetShinglesReady.co.uk

شنگلز قومی ٹیکہ کاری پروگرام کیا ہے؟

شنگلز سے تحفظ میں مدد کی خاطر ویکسینیشن NHS کے تحت اہل افراد کے لیے مفت دستیاب ہے۔ یہ پروگرام شنگلز قومی ٹیکہ کاری پروگرام کہلاتا ہے۔

1 ستمبر 2023 کو، شنگلز قومی ٹیکہ کاری پروگرام تبدیل ہو گیا، اور اب NHS کے تحت مزید افراد مفت شنگلز ویکسینیشن کے لیے اہل ہیں۔

آپ اب اہل ہیں اگر آپ ہیں:

- **50 سال یا اس سے زائد کا ایسا فرد جو سنگین کمزور قوت مدافعت کا حامل ہے (سنگین امیونوکمپرومائزڈ)**
  - **وہ جو 18-49 سال کے ہیں اور اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹ وصول کر رہے ہیں وہ بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ اپنے اسپیشلسٹ کے ساتھ گفتگو کریں**
- **65 سال کے ہو رہے ہیں - آپ اپنی 65 ویں سالگرہ سے اہل ہوں گے**
- **70–79 سالہ**

وہ جو ایک **سنگین** کمزور قوت مدافعت کے نظام کے حامل ہیں

اگر آپ 50 سال سے زائد کے ہیں اور آپ کو کوئی طبی کیفیت لاحق ہے یا سنگین قوت مدافعت کے نظام سے وابستہ مجوزہ ادویات لے رہے ہیں، تو آپ NHS کے تحت ایک مفت شنگلز ویکسینیشن کے اہل ہو سکتے ہیں۔ 18-49 سال کے ایسے افراد جو ایک اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹ وصول کر رہے ہیں، وہ بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

NHS کی مفت شنگلز ویکسینیشن کے لیے اہلیت

آپ کی عمر کتنی ہے؟

	50 سال یا اس سے زیادہ	65	70 تا 79
اہل	وہ جو سنگین کمزور قوت مدافعت کے حامل ہیں* (سنگین طور پر امیونوکمپرومائزڈ) آپ اب اہل ہیں ✓	کے ہو رہے ہیں آپ اپنی 65 ویں سالگرہ سے اہل ہوں گے ✓	آپ اب اہل ہیں ✓
نااہل	**50** سال سے کم **وہ جو سنگین کمزور قوت مدافعت کے حامل ہیں***	**65** سال سے کم عمر افراد - آپ 65 سال کی عمر کو پہنچ جانے پر اہل قرار پائیں گے؛ 1 ستمبر 1958 سے قبل پیدا ہونے والے افراد - آپ **70** سال کی عمر کو پہنچ جانے پر اہل قرار پائیں گے	**80** سال سے زیادہ **سنگین کمزور قوت مدافعت کے بغیر**

***وہ جو 18-49 سال کے ہیں اور ایک اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹ وصول کر رہے، وہ بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ اپنے اسپیشلسٹ سے گفتگو کریں۔**

اگر آپ کو کوئی مضر اثرات ہوتے ہیں، تو ان کے بارے میں اپنے ڈاکٹر یا نرس کو مطلع کریں۔

اگر آپ اب بھی اپنی اہلیت کے حوالے سے مشتبہ ہیں یا شنگلز کے بارے میں اور شنگلز کے قومی ٹیکہ کاری پروگرام کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، تو اپنے/اپنی نرس یا GP سرجری سے گفتگو کریں۔

آپ GSK کی ویب سائٹ سے مزید جان سکتے ہیں: **GetShinglesReady.co.uk**

تیار اور فنڈ کردہ منجانب GSK

شنگلز کیا ہے؟

شنگلز، جو ہرپس زوسٹر بھی کہلاتا ہے، ویری سیلا زوسٹر وائرس کے دوبارہ فعال ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے، وہی وائرس جو چکن پاکس کا سبب بنتا ہے۔

کسی بھی فرد کو جب چکن پاکس انفیکشن ہوتا ہے جو عام طور پر بچپن میں ہوتا ہے، ویری سیلا زوسٹر وائرس زندگی بھر جسم کے اندر غیر فعال رہتا ہے، تاہم عام طور پر کوئی مسئلہ یا علامات پیدا نہیں کرتا۔ ہمارا مدافعتی نظام وقت کے ساتھ ساتھ قدرتی طور پر کمزور ہوتا چلا جاتا ہے جو غیرفعال وائرس کو دوبارہ فعال ہونے کا موقع دے سکتا ہے اور شنگلز کی وجہ بنتا ہے۔

شنگلز کسی بھی عمر میں ہو سکتا ہے لیکن اس سے وابستہ خطرہ، سنگینی اور پیچیدگیاں عمر کے ساتھ بڑھ جاتی ہیں۔ دیگر مضبوط قوتِ مدافعت کے نظام کے حامل افراد کے مقابلے میں سنگین کمزور قوت مدافعت کے نظام کے حامل افراد شنگلز اور اس سے جڑی پیچیدگیوں سے دوچار ہونے کے زیادہ خطرے سے دوچار ہوتے ہیں۔ یہ وجہ ہے کہ ان مریضوں میں عمر کے ابتدائی حصے میں ویکسینیشن تجویز کی جاتی ہے۔

کون خطرے سے دوچار ہے؟

شنگلز کا خطرہ عمر بڑھنے کے ساتھ بڑھتا ہے نیز وہ جو ایک کمزور قوت مدافعت کا نظام رکھتے ہوں[1]

برطانیہ میں 10 میں سے 9 بالغ افراد اس وائرس سے متاثر ہیں جو شنگلز کا سبب بنتا ہے[2]



کوئی بھی فرد جسے چکن پاکس ہو چکا ہو، اس میں شنگلز ہونے کا خطرہ رہتا ہے، جبکہ 4 میں سے 1 کو تاعمر شنگلز کا خطرہ رہتا ہے[3]

علامات کیا ہوتی ہیں؟

شنگلز کی پہلی نشانیاں اور علامات جلد کے کسی حصے میں ایک چبھنے والا یا دردناک احساس، سردرد یا عمومی طور پر طبیعت میں خرابی محسوس کرنا ہو سکتا ہے۔

کچھ دن کے بعد، عام طور پر جلد کے صرف ایک جانب چھالے دار چھپاکی ظاہر ہو سکتی ہے۔

شنگلز کی چھپاکی عام طور پر سینے یا پیٹ پر ظاہر ہوتی ہے، لیکن یہ چہرے سمیت کہیں پر بھی ظاہر ہو سکتی ہے۔

چھپاکی کو ٹھیک ہونے میں 4 ہفتے لگ سکتے ہیں۔ علامات عام طور پر چند ہفتوں کے اندر ہی بہتر ہونے لگتی ہیں، تاہم بعض مریض طویل عرصے تک درد یا دیگر پیچیدگیوں کا سامنا کرتے ہیں۔

1. Johnson R et al. Ther Adv Vaccines. 2015; Vol. 3(4) 109–120.
2. DH Green Book Ch 34. Varicella. 2019.
3. DH Green Book Ch 28a. Shingles. 2023.

©2024 GSK group of companies or its licensor. NP-GB-HZU-BROC-240007 September 2024.
GlaxoSmithKline UK Limited, Registered in England and Wales No. 4310159